LEVEL CROSSING REMOVAL PROJECT



# تعمیراتی کام کے متعلق اطلاع

## Coburns Road بند ہو گی

**ہم نے Truganina میں Hopkins Road پر اور Melton میں Ferris Road پر لیول کراسنگز ہٹا دی ہیں۔ نیا ماڈرنMelton Station جہاں پہنچنا سب لوگوں کے لیے آسان ہے، منگل 1 ستمبر کو کھل جائے گا اور Coburns Road اور Exford Roadپر موجود بوم گیٹس ختم ہو جائیں گے لہذا ستمبر میں Melton لیول کراسنگز سے بالکل پاک ہو جائے گا۔**

ہم **اتوار 6 ستمبر کو رات 1 بجے سے لے کر جمعرات 24 ستمبر کو صبح 7 بجے تک** James Melrose Drive اور Staughton Street کے درمیان Coburns Road کو بند کر رہے ہیں۔ اس مدت میں ہم Melton Station کے علاقے میں دن رات 24 گھنٹے کام کریں گے۔

ہم بسوں کے لیے نئی ڈرائیو وے کی تعمیر اور سڑک پر نئی سطح بچھانے کے لیےWilson Road اور Staughton Street کے درمیان Rees Road پر شمال کو جانے والی لین کو **ہفتہ 19 ستمبر کو صبح 7 بجے سے لے کر جمعرات 24 ستمبر کو صبح 7 بجے تک** بند بھی کر رہے ہیں۔

### ہم کہاں اور کب کام کر رہے ہیں

| مقام | تاریخ اور وقت | کام |
|---|---|---|
| **Coburns Road** | **اتوار 6 ستمبر کو رات 1 بجے سے لے کر جمعرات 24 ستمبر کو صبح 7 بجے تک** | • سڑک پر نئی سطح بچھانے اور ڈرینیج کے کام کے لیے James Melrose Drive اور Staughton Street کے درمیان سڑک بند<br>• گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں کے لیے ڈی ٹوررز (متبادل روٹس) مہیا ہیں۔ براہ مہربانی پچھلے صفحے پر نقشہ دیکھیں۔ |
| **Exford Road** اور **Hazel Street** کے درمیان **Brooklyn Road** | **پیر 7 ستمبر سے لے کر 2026 کے اواخر تک** | • جنوبی فٹ پاتھ عارضی طور پر بند ہو گا اور پیدل لوگوں کے لیے متبادل روٹس مہیا ہوں گے<br>• ٹریفک بیریئرز کو لانے لے جانے کے لیے رات کو حسب ضرورت سڑکیں بند ہوں گی<br>• لینز عارضی طور پر بند ہوں گی اور سڑک پر پارکنگ سپیسز عارضی طور پر بند ہوں گی |
| **Rees Road** | **ہفتہ 19 ستمبر کو صبح 7 بجے سے لے کر جمعرات 24 ستمبر کو صبح 7 بجے تک** | • Wilson Road اور Staughton Street کے درمیان شمال کو جانے والی لین بند ہو گی |

### کیا توقع رکھنی چاہیے

- روزانہ 24 گھنٹے کام جس کے دوران علاقے میں روشنی، شور، ارتعاش اور ٹریفک میں اضافہ ہوگا
- **اتوار 6 ستمبر کو رات 1 بجے سے لے کر جمعرات 24 ستمبر کو صبح 7 بجے تک** ٹریفک کو گزرنے میں زیادہ وقت لگے گا
- علاقے میں زیادہ ٹرک ہوں گے
- پانی کی گاڑیاں گرد اڑنے کو کم کریں گی۔

تعمیراتی کام کے دوران Melton Station کے آس پاس وقتاً فوقتاً لینز بند کرنا ضروری ہو سکتا ہے۔علاقے میں ٹریفک مینیجمنٹ کے ذریعے آپکو سفر میں رہنمائی دی جائے گی۔ براہ مہربانی سفر کے لیے زیادہ وقت رکھیں۔

تمام مدت میں پیدل لوگوں کے گزر اور گھروں اور کاروباروں تک پہنچنے کا انتظام رہے گا۔

ہم وقت پر تعمیراتی کام مکمل کرنے کی پوری کوشش کریں گے تاہم تاریخوں اور اوقات میں تبدیلی ممکن ہے۔

**levelcrossings.vic.gov.au**

1800 105 105 (کسی بھی وقت کال کر سکتے ہیں)

levelcrossings@bigbuild.vic.gov.au


انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے لیے 9209 0147 پر کال کریں۔

اگر آپ یہ معلومات معذوروں کے لیے آسان فارمیٹ میں لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپکو سماعت یا گویائی کے نقص کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے تو **relayservice.gov.au** دیکھیں۔

VICTORIA'S BIG BUILD

VICTORIA State Government

# Coburns Road پر متبادل روٹس




## مزید معلومات

اگر آپ کا کوئی سوال ہو یا آپ پراجیکٹ کے متعلق مزید معلومات لینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے ہمیں **1800 105 105** پر کال کریں یا **levelcrossings.bigbuild.vic.gov.au** پر ای میل کریں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

**Melton میں لیول کراسنگز ہٹانے کا پراجیکٹ**

**انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے لیے 9209 0147 پر کال کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **हिंदी – Hindi** | 9209 0147 | **Mga Tagalog – Tagalog** | 9209 0147 |
| **Việt Ngữ – Vietnamese** | 9209 0147 | **ਪੰਜਾਬੀ – Punjabi** | 9209 0147 |